## سوال

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ ٹیلی فون یا انٹرنٹ پر نکاح درست ہے کیا؟

## جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

جدید وسائل وذرائع کے ذریعے عقد نکاح جائز ہے جبکہ نکاح کے ارکان اور شروط مکمل ہو رہے ہوں۔ یعنی ایجاب وقبول، ولی کی اجازت، شہادتین اور حق مہر۔ اگر تو ان میں کوئی ایک شے مفقود جیسا کہ ٹیلی فون کے ذریعے نکاح میں شہادت ممکن نہ ہو تو اس صورت میں نکاح جائز نہیں ہے۔ اور اگر شہادت ممکن ہو جیسا کہ سکائپ وغیرہ میں ویڈیو کانفرنس کے ساتھ نکاح کا انعقاد اور غرر کا اندیشہ بھی نہ ہو تو انٹرنیٹ کے ذریعہ نکاح جائز ہے۔

وباللہ التوفیق

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دارالافتاء محدث